کراچی کنگز سپر اوور میں ملتان سلطانز کو شکست دے کر ایچ بی ایل پی ایس ایل کے فائنل میں پہنچ گیا

کراچی، 14 نومبر 2020ء:

کراچی کنگز نے ملتان سلطانز کو سپر اوور میں شکست دے کر ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 کے فائنل میں رسائی حاصل کرلی ہے۔ لیگ کے مسلسل پانچویں ایڈیشن میں شرکت کرنے والی کراچی کنگز کی ٹیم پہلی مرتبہ ایونٹ کے فائنل میں پہنچی ہے۔

سپر اوور مرحلے میں کراچی کنگز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 13 رنز بنائے۔ جواب میں ملتان سلطانز کی ٹیم چھ گیندوں پر صرف 9 رنز ہی بنا سکی۔

اس سے قبل نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے گئے سنسنی خیز کوالیفائر میں 142 رنز کا تعاقب کرنے والی کراچی کنگز کو میچ کے آخری اوور میں محض 7 رنز درکار تھے جبکہ اس کی تین وکٹیں بھی باقی تھیں تاہم ملتان سلطانز کے نوجوان فاسٹ باؤلر محمد الیاس نے اوور کی پہلی 5 گیندوں پر صرف دو رنز دے کر اور ایک وکٹ حاصل کرکے میچ کو دلچسپ بنادیا۔ کراچی کنگز کو جیت کے لیے میچ کی آخری گیند پر 5 رنز درکار تھے کہ کپتان عماد وسیم نے چوکا لگا کر میچ برابر کردیا۔

کراچی کنگز نے مقررہ بیس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 141 رنز بنائے۔ بابر اعظم 65 رنز بنا کر سب سے نمایاں بلے باز رہے۔ ان کی اننگز میں 5 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔

کراچی کنگز کے دوسرے بہترین بیٹسمین کپتان عماد وسیم تھے۔ وہ 27 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ ملتان سلطانز کے سہیل تنویر نے 25 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

دیگر بلے بازوں میں شرجیل خان 4، ایلکس ہیلز 22، افتخار احمد 13، شیڈوک والٹن 2، ردرفورڈ، وائن پارنیل اور محمد عامر ایک ایک رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ وقاص مقصود ایک رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

اس سے قبل کراچی کنگز کے کپتان عماد وسیم نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو روی بوپارہ کے علاوہ ملتان سلطانز کا کوئی بھی بیٹسمین کراچی کنگز کے باؤلرز کی نپی تلی باؤلنگ کے سامنے زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکا اور وقفے وقفے سے آؤٹ ہو کر پویلین واپس لوٹتا رہا۔ دائیں ہاتھ کے مڈل آرڈر بیٹسمین کی مزاحمت بھی 31 گیندوں پر محیط رہی۔ انہوں نے 3 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 40 رنز بنائے۔ اننگز کے اختتامی لمحات میں 2 چھکے اور 1 چوکا لگانے والے سہیل تنویر نے 13 گیندوں پر 25 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی تو ملتان سلطانز نے مقررہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 141 رنز بنائے۔ کراچی کنگز کے فاسٹ باؤلرز ارشد اقبال اور وقاص مقصود نے 2،2 جبکہ اسپنر عماد وسیم نے ایک وکٹ حاصل کی۔ محمد الیاس 5 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

ملتان سلطانز کے دیگر آؤٹ ہونے والے بلے بازوں میں اوپنر ذیشان اشرف 21، ایڈم لیتھ 9، کپتان شان مسعود 3، رائیلی روسو 5، خوشدل شاہ 17 اور شاہد آفریدی 12 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

میچ میں 65 رنز کی اننگز کھیلنے والے بابر اعظم کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

دونوں ٹیموں نے میچ کے آغاز سے قبل کراچی کنگز کے آنجہانی کوچ ڈین جونز کے لیے گراؤنڈ میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications

E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4